This question paper contains 7 printed pages]

Your Roll No.......................

241

B.A. (PROGRAMME)/I Sem. B

(Language Course)

URDU LANGUAGE (B)—Paper IA

(For Candidates who Studied Urdu upto 10th Level)

(Admission of 2011 and onwards)

Time : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجئے: ۱۰

(الف)

''روٹھے ہی رہو گے یا کبھی منو گے بھی؟ اور اگر کسی طرح نہیں منتے تو روٹھنے کی وجہ تو لکھو۔ میں اس تنہائی میں صرف خطوں کے

P.T.O.

بھروسے جیتا ہوں۔ یعنی جس کا خط آیا، میں نے جانا کہ وہ شخص تشریف لایا۔ خدا کا احسان ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا، جو اطراف و جوانب سے دو چار خط نہیں آ رہتے ہوں۔ بلکہ ایسا دن بھی ہوتا ہے کہ دو دو بار ڈاک کا ہرکارہ خط لاتا ہے، ایک دو صبح کو اور ایک دو شام کو۔ میری دل لگی ہو جاتی ہے۔ دن ان کے پڑھنے اور جواب لکھنے میں گزر جاتا ہے۔ یہ کیا سبب دس دس بارہ بارہ دن سے تمہارا خط نہیں آیا۔ یعنی تم نہیں آئے۔ خط لکھو صاحب۔ نہ لکھنے کی وجہ لکھو۔ آدھ آنے میں بخل نہ کرو۔ ایسا ہی ہے تو بیرنگ بھیجو۔

(ب)

دوسرے تیرے روز ہی انہوں نے مجھے بُلا کر کہا، ''لو سب معاملہ ٹھیک ٹھاک ہو گیا۔ میں نے نواب صاحب سے تمہارے متعلق سب تصفیہ کر لیا ہے۔ مگر وہ چاہتے ہیں کہ چند روز تم کو اپنے پاس رکھ کر تمہاری طبیعت کا اندازہ کر لیں، تم کو بھی پرانی

وضع کے نوابوں کے ہاں رہنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ تم بھی اس عرصے میں ان کی نشست و برخاست کے اور ادب و آداب کے سلیقے سیکھ جاؤ گے۔ چھوٹے صاحبزادے صاحب کی طبیعت کا رنگ بھی معلوم ہو جائے گا اور انشاء اللہ اس طرح تم کچھ فائدے ہی میں رہو گے۔'' میں راضی ہو گیا۔ قرار پایا کہ سہ پہر کو ان کے مددگار صاحب لے جا کر مجھے نواب صاحب کی خدمت میں پہنچا دیں اور تعارف کرا دیں۔

۲۔ درج ذیل اشعار میں سے کوئی چار کی تشریح کیجیے: 10

بات کی طرز کو دیکھو تو کوئی جادو تھا
پر ملی خاک میں یہ سحر بیانی اس کی

قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح

کوئی چارہ ساز ہوتا، کوئی غم گسار ہوتا

اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے

مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

گیا شیطان مارا ایک سجدے کے نہ کرنے میں

اگر لاکھوں برس سجدے میں سر مارا تو کیا مارا

شب آنکھوں سے دریا سا بہتا رہا

اُنہی نے کنارے لگایا ہمیں

۳۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجیے۔ نظم اور شاعر کا نام بھی بتایئے: ۱۰

اے شعر دل فریب نہ ہو تو، تو غم نہیں

پر تجھ پہ حیف ہے جو نہ ہو دل گداز تو

بیٹے کا بیاہ ہو، تو بیاہی نہ ساتی ہے

نے روشنی، نہ باجے کی آواز آتی ہے

ماں پیچھے ایک میلی چدر اوڑھے جاتی ہے

بیٹا بنا ہے دولھا تو باوا براتی ہے

مفلس کی یہ برات چڑھاتی ہے مفلسی

۴۔ محمد حسین آزاد کے مضمون 'امارت اور دریا دلی کے کارنامے' کا خلاصہ لکھیے۔ ۱۰

یا

غالب کے خطوط کی خصوصیات پر ایک نوٹ لکھیے۔

۵۔ شیخ محمد ابراہیم ذوق کی غزل گوئی پر ایک مضمون لکھیے۔ ۱۰

یا

میر تقی میر کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

صنعت پہ ہو فریفتہ عالم اگر تمام

ہاں سادگی سے آئیو اپنی نہ باز تو

جوہر ہے راستی کا اگر تیری ذات میں

تحسینِ روزگار سے ہے بے نیاز تو

حسن اپنا گھر دکھا نہیں سکتا جہان کو

آپے کو دیکھ! اور کر اپنے پہ ناز تو

یا

بی بی کی نتھ، نہ لڑکوں کے ہاتھوں کڑے رہے

کپڑے میاں کے بنیے کے ہاتھوں پڑے رہے

جب کڑیاں بک گئیں تو کھنڈر میں پڑے رہے

زنجیر، نہ کواڑ، نہ پتھر گڑے رہے

آخر کو اینٹ اینٹ کھدائی ہے مفلسی

۶۔ نظیر اکبرآبادی کی نظم مفلسی کا مرکزی خیال لکھئے۔ ۱۰

یا

مولانا الطاف حسین حالی کی نظم گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۷۔ درج ذیل میں سے کسی تین کی تعریف لکھئے: ۱۵

استعارہ، تشبیہ، مجاز مرسل، کنایہ، طرفین تشبیہہ۔